صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 9 مارچ 2004ء بمطابق 17 محرم 1425 ھجری صبح دس بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہان خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اعوذ باالله من الشیطان الرجیم بسم الله الرحمن الرحیم ہ

قُلۡ إِنَّنِي هَدَىٰنِي رَبِّيٓ إِلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ دِينٗا قِيَمٗا مِّلَّةَ إِبۡرَٰهِيمَ حَنِيفٗاۚ وَمَا كَانَ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَo قُلۡ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحۡيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَoلَا شَرِيكَ لَهُۥۖ وَبِذَٰلِكَ أُمِرۡتُ وَأَنَا۠ أَوَّلُ ٱلۡمُسۡلِمِين

(ترجمہ): اے نبیؐ کہو، میرے رب نے بالیقین مجھے سیدھا راستہ دکھا دیا ہے، بالکل ٹھیک دین جس میں کوئی ٹیڑھ نہیں، ابراہیم علیہ السلام کا طریقہ جسے یکسو ہو کر اس نے اختیار کیا تھا اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھا۔ کہو، میری نماز، میرے تمام مراسم عبودیت، میرا جینا اور میرا مرنا، سب کچھ اللہ رب العالمین کے لئے ہے جس کا کوئی شریک نہیں۔اسی کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور سب سے پہلے سر اطاعت جھکانے والا میں ہوں۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔ اگر آپ کی اجازت ہو۔

جناب سپیکر: میں اجازت دوں گا۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: اچھا۔

مجلس قانون ساز شمالی علاقہ جات کے اراکین کو خوش آمدید

جناب سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! ہماری نادرن ایریاز لیجسلیٹیو کونسل کے مہمانان گیلری میں تشریف رکھتے ہیں، میں اپنی طرف سے، حکومت سرحد کی طرف سے اور معزز اراکین صوبائی اسمبلی کی طرف سے ان کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ (تالیاں) چونکہ ہماری اسمبلی بلڈنگ Under construction ہے اس لئے ہم ان کو ان کے شایان شان جگہ نہیں دے سکتے۔ وہ ہماری اس مجبوری کو مد نظر رکھتے ہوئے انشاء اللہ در گزر فرمائیں گے۔ اگر کوئی Inconvenience ان کو ہو تو ہم معذرت خواہ ہیں۔ جی!

ایم پی اے ہاسٹل کی خستہ حالی

محترمہ رفعت اکبر سواتی: Thank you, Honourable Speaker Sir. سر! آپ کی توجہ ایک بہت اہم مسئلے کی طرف میں دلوانا چاہتی ہوں۔ ایک سر! پراجیکٹ کو Complete کرنے کیلئے ہمیں کچھ ضروری کارروائی کرنی پڑتی ہے جس میں پہلے نمبر پر تو آتا ہے 'DSC' جو ڈیپارٹمنٹل سب کمیٹی ہوتی ہے، اس سے گزرنے کے بعد آپ کا ایک 'AA' آجاتا ہے Administrative Approval ہوتا ہے اور اس کے بعد آتا ہے 'W.C' یعنی Work completion۔ سر! مجھے ایک بات کی سمجھ نہیں آتی کہ ایک سال سے اوپر کا عرصہ گزر گیا ہے اور جیسے آپ کے Honourable self نے ابھی فرمایا کہ ہمارے مہمانان گرامی اوپر بیٹھے ہیں اور وہ جگہ ان کے شایان شان نہیں ہے۔ کوشش تو ہو رہی ہے، اسمبلی کی بلڈنگ بھی بن رہی ہے لیکن خدارا آپ ذرا ایک اچھا سا دورہ ہمارے ایم پی ایز ہاسٹل کا بھی کر کے دیکھیں کہ ہم کس کسمپرسی میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ (تالیاں) ہمارے ایم پی ایز ہاسٹل کی مثال اس بیوہ ماں کی ہے جو بے یار و مددگار ہے اور اس کا کوئی جوان بیٹا نہیں ہے۔ (تالیاں) اور سر، اس صورتحال میں بعض اوقات ہمیں بڑی خفت اور شرمندگی کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ہم اپنے مہمانوں کو پوری طرح سے، آخر گھر سے دور ہوتے ہیں، نہ ہم بٹھا سکتے ہیں نہ Entertain کر سکتے ہیں۔ حالت اتنی خراب ہے کہ جب ہم ان کو کہتے ہیں کہ جناب، ہمارا یہ کام ٹھیک کر دیں، یہ پرابلم ہے تو کہتے ہیں کہ ہمارے پاس تو کسی قسم کی یہ Liability پوری کرنے کا انتظام

نہیں ہے، ٹھیکیدار بھاگ چکا ہے،اس کی پہلی Payment ہوتی تب وہ کام کرے گا۔ تو سر! آپ مجھے یہ بتائیں کہ ہم صوبہ سرحد کی نمائندگی کررہے ہیں اور اسی صوبہ سرحد میں دیکھیں، گورنر ہاؤس ہے، وہاں کیلئے فنڈز ریلیز ہوتے ہیں، سی ایم سیکرٹریٹ ہے، وہاں کیلئے فنڈزر یلیز ہوتے ہیں۔ آخر سی ایم صاحب بھی تو ہماری صفوں میں سے اٹھ کر گئے ہیں نا،ان کیلئے اتنے انتظامات (تالیاں) کل اگر ہم بھی وہاں چلے جائیں انشاءاللہ تعالی ،اللہ تعالی کو اگر منظور ہوا تو میرا نہیں خیال کہ اس درد سے گزر کر ہم اس درد کو سمجھ نہ سکیں۔ تو میری آپ سے التجا ہے، التماس ہے اور گزارش ہے کہ براہ مہربانی اس بیوہ ماں کا بھی کچھ خیال کیا جائے۔ ایم ایم اے کا دور ہے اور بیواؤں کا ذرا خیال زیادہ رکھا جاتا ہے۔ تو اس لئے میں نے اس سے اس کی مشابہت کر دی ہے، تو میں امید رکھتی ہوں کہ فنانس منسٹر صاحب بھی اس پر ذرا غور کریں گے اور اس میں ہماری مدد فرمائیں گے تاکہ ہم اس کسمپرسی کی حالت سے نکل سکیں۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب امانت شاہ: سپیکر صاحب! دے سره مونږه اتفاق کوؤ جی۔ دے کښې یو خبره زه سیوا کومه جی، مونږه تقریباً دا پوره گرمی چه هاسټل کښې تیره کړه، په هغے کښې ګیس نه وو جی۔ دغه شان د ګیس سهولت پکښې نشته، ټیلی فون تر اوسه پورے جی کټ دے، مونږ چرته ټیلی فون کولے شو نه او څنګه چه دوئ خبره اوکړله چه کله مونږه څه د بعضے دغه د پاره اوو ایو چه یره دا فلانکے کار پکښې کول غواړی نو د هغے د فنډ د پاره دوئ، دے د پاره جی تا سو څه مستقل۔۔

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب! اس سلسلے میں یہ عرض ہے کہ ہم سب کے ذہن میں، بحیثیت سپیکر، بحیثیت منسٹر، بحیثیت چیف منسٹر، بحیثیت معزز رکن کیبنٹ یہ بات ہونی چاہیئے کہ ہمارا پہلا Base ایم پی اے ہے اور ایم پی اے سے ہی چیف منسٹر، سپیکر اور منسٹر بن سکتا ہے۔ (تالیاں) تو میرے خیال میں آپ اس میں خصوصی دلچسپی لیکر جو Grievances ہیں کہ چیف منسٹر ہاؤس اور سپیکر ہاؤس اور گورنر ہاؤس، اگر ان کو فنڈ مہیا ہو سکتا ہے تو ایم پی ایز ہاسٹل کو کیوں نہیں؟ یہ بھی بتایا جائے کہ کتنے بقایاجات ہیں اور کہاں کہاں پر بات روکی ہوئی ہے؟ (تالیاں) پلیز، جناب سراج الحق صاحب۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب! یو ضمنی خبره دے حوالے سره جی۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب خلیل عباس خان: یو دغه پیش شوے وو جی، چه د نیب نه ځومره ریکوری تر اوسه پورے د ایم پی اے هاسټل شوے ده جی، هغه د هم لږ سراج الحق صاحب اووائی ځکه هغوی سره دا دوه کاله په تحویل کښ وو جی او یو سوال هم په دے راغلے وو د پیر محمد خان، هغه د هم مونږ ته اوښائی جی چه تر اوسه پورے هغے کښ څه پیشرفت اوشو او ځومره ریکوری پکښ شوے ده؟

Mr Speaker: Ji, Siraj-ul-Haq Sahib, honourable Minister for Finance and P&D, please.

جناب سراج الحق (سینئر وزیر/وزیر خزانہ): بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔انتہائی قابل احترام سپیکر صاحب اور معزز اراکین اسمبلی! محترم رفعت اکبر سواتی صاحبہ نے ہاسٹل کے حوالے سے بات کی ہے اور آپ نے تمام ممبران اسمبلی کی بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ نمائندگی کی ہے،انکے احساسات کی ترجمانی کی ہے۔ہم سب ایم پی ایز ہیں اور ہم آپ کے ان احساسات میں برابر کے شریک ہیں۔ میں اس پر یقین رکھتا ہوں کہ جتنی زیادہ سہولیات ایم پی اے کو ہونیا چاہیں اب وہ نہیں ہیں اور ہمیں اس کا اندازہ ہے کہ بہت سارے لوگ بلکہ ہزاروں لوگ آتے ہیں،رات گئے تک ان کے ساتھ بیٹھتے ہیں اور پھر میں صبح بھی سوچ رہا تھا کہ فجر کے بعد لوگ ان پر حملہ آور ہوتے ہیں اپنے اپنے کاموں کے سلسلے میں،اس لئے ٹیلی فون جیسی بنیادی سہولت جو سب کو میسر ہے، ہمیں آج ایک Question سے معلوم ہوا ہے، شاید مظفر سید اور ایک دو اور ساتھیوں نے کیا ہے کہ وہاں ایکسچینج بھی متاثر ہوا ہے۔بنابریں میں نے صبح جو متعلقہ آدمی ہے،اس کو بلایا ہے اور ان کی بھی اپنی بات ہے کہ گورنر صاحب کے پرانے دور سے لیکر اس کے Maintenance کے اخراجات ہیں جو اب تک ادا نہیں کئے گئے، کوئی تین کروڑ Something اس کے ہیں اور باقی کچھ مقامات کا،ایک بل اس کا بن گیا ہے لیکن میں نے ان کو آج کہا ہے کہ اگر کوئی بڑا کام ہو تو ہونا تو چاہیے تھا کہ گزشتہ جون کے بجٹ سے پہلے آپ اس کو اس میں شامل کر لیتے تو اس پر کام ہو جاتا،اگر ایمرجنسی فنڈ سے یہ ممکن نہیں تھا تو آپ باقاعدہ ایک سکیم کے طور پر اس کو شامل کر لیتے لیکن بہر حال چونکہ جمہوریت قائم ہوئے بھی ایک سال سے کچھ زیادہ عرصہ ہوا ہے اور جس طرح تین چار سال پہلے گزر گئے ہیں، غیر جمہوری دور تھا،اس میں ایم پی ایز کا تصور نہیں تھا اور لوگوں کا خیال بھی نہیں تھا کہ کبھی ایم پی ایز ہاسٹل کے تالے اور اسمبلی ہال کے تالے دوبارہ کھل جائیں گے لیکن یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ آپ لوگ دوبارہ اسمبلی میں آ گئے ہیں،ایم پی ایز ہاسٹل بھی کھل گیا ہے،اسمبلی ہال بھی کھل گیا ہے اور جمہوریت کی گاڑی رواں دواں ہے۔بہر حال آپ کے جو احساسات ہیں، میں نے صبح بھی متعلقہ آدمی کو بلایا

ہے، اکرام اللہ شاہد صاحب اس وقت تشریف نہیں رکھتے ہیں میرے خیال میں خصوصی نمائندگی اور نگرانی اسلئے کرتے ہیں۔ جی؟

(اس مرحلے پر جناب اکرام اللہ شاہد، ڈپٹی سپیکر، ایوان میں داخل ہوگئے)

سینیئر وزیر (خزانہ): بہر حال اکرام اللہ شاہد صاحب نے جو دورے کئے ہیں، انہوں نے بھی کہا ہے، مجھے صبح انہوں نے بتایا ہے کہ ایک ایک چیز کا انہوں نے دورہ کیا ہے، نوٹ کروایا ہے، نگرانی کرتے ہیں۔ بہر حال سواتی صاحبہ کے آج کے اس سوال کے نتیجے میں اور احساس دلانے کے نتیجے میں ہم اس پر اپنا کام تیز کریں گے، انشاء اللہ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: .Thank you۔ جن معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں، بغرض منظوری میں ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ جناب سید ظاہر علی شاہ صاحب، ایم پی اے، کل سے گیارہ تاریخ تک کیلئے رخصت مانگ رہے ہیں۔ Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی، نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نعیم اختر: جناب سپیکر صاحب! میں بھی اٹھی ہوں، مجھے بھی موقع دیں؟

جناب سپیکر: موقع دوں گا، دوں گا، ایسی کوئی بات نہیں ہے، کل سارا دن آپ کا تھا نا، اب نہیں، اچھا۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! میں کل کے حوالے سے آج ایک تھوڑی سی Clarification کرنا چاہتی ہوں اور پریس والوں کو یہ بتانا چاہتی ہوں، بڑے ادب سے کہ کل جو واک آؤٹ ہم لوگوں نے کیا تھا، وہ آنریبل سپیکر کے خلاف نہیں تھا بلکہ وہ منسٹر ایجوکیشن کے خلاف تھا کیونکہ انہوں نے آپ کے کہنے کے باوجود ہمیں کسی قسم کی کوئی یقین دہانی، کل جو Child abuse پر بات ہوئی تھی، اس پر انہوں نے ہمیں کوئی یقین دہانی نہیں کروائی تھی اور آج چونکہ وہ موجود نہیں ہیں، تو اس ایشو کو ہم، جب وہ آجاتے ہیں ہاؤس میں تو پھر اس کے بعد ہم اس پر بات کریں گے، آپ کے ساتھ۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔

محترمہ نعیم اختر: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی۔

محترمہ نعیم اختر: مانسہرہ میں سر! ٹول پلازہ کی وجہ سے جو وہاں پر Tension بنی ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس پر آتے ہیں، میرے پاس ایڈ جرنمنٹ موشن ہے، اپنے Proper time پر آئیں گے، انشاء اللہ۔

محترمہ نعیم اختر: سر! لیکن اس وقت جو Tension وہاں بنی ہوئی ہے، اس کو تو ختم کرنے کیلئے ہم لوگ۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں Tension کو تو، وہ ایجنڈے پر ہے نا۔

محترمہ نعیم اختر: سر! ہم اس ٹول پلازہ کو ختم کرنے کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ ایجنڈے پر ہے۔

محترمہ نعیم اختر: ہم ٹول پلازہ کو ختم کرنے کی بات کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: وہ ایجنڈے پر ہے۔

آوازیں: منسٹر صاحب آگئے ہیں۔

(اس مرحلے پر وزیر تعلیم ایوان میں داخل ہو گئے)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی، نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں دوبارہ، چونکہ مسنسٹر صاحب تشریف لے آئے ہیں، منسٹر صاحب تشریف لے آئے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آرڈر۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! جب ہم لوگوں نے کل واک آؤٹ کیا اور ہمارے پیچھے جو ہمارے آنریبل ممبران آئے، یہاں ملک ظفر اعظم کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں کہ وہ بھی ہمیں منانے کے لئے آئے اور جب ہم دوبارہ ہاؤس میں Enter ہوئے۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اور جب ہم دوبارہ ہاؤس میں آئیں تو منسٹر صاحب نے یہ کہا کہ آپ لوگ احتجاج کیلئے باہر گئیں تھیں تو پھر ہاؤس میں کیوں آئیں؟ جس سے ہم سب خواتین کا استحقاق مجروح ہوا ہے، جناب سپیکر۔ (تالیاں)

مولانا فضل علی(وزیر تعلیم): اجازت دے؟

جناب سپیکر: جی،جی۔

وزیر تعلیم: بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ سپیکر صاحب! ډیره مهربانی ستاسو۔ دا زما خیال دے غلط فهمی به شوی وی ددوئ جی۔ ما دا خبره بالکل نه ده کړے چه گنی تاسو ولے بیا راغلئ؟ ما دا اووئیل چه راغلئ جی؟ دا خبره مے کړےده چه راغلئ۔ ما سره دادے گواه موجود دے--------

جناب سپیکر: هر کلے د ورته اووئیلو؟

وزیر تعلیم: هر کلے مے ورته اووئیلو، پخیر راغلے مے ورته اووئیل --

(تالیاں اور قہقہے)

جناب سپیکر: جی، آپ کچھ کہنا چاہتی ہیں؟اس سلسلے میں،جی۔

محترمہ فرح عاقل شاہ: سر! آپ نے جو بات کی تھی، میں چونکہ آئی تھی سر، کہ یقین دہانی ہمیں کرائی جائے، اس کے بارے میں آپ نے کچھ نہیں بتایا منسٹر صاحب---

جناب سپیکر: منسٹر صاحب۔

محترمہ فرح عاقل شاہ: کہ اس کے اوپر ابھی تک کیوں نہیں کچھ ہوا جی؟

جناب سپیکر: جی۔

وزیر تعلیم: سپیکر صاحب! دا خبره خو ډیر وخت نه چلیږی جی، او دا خبره په انټرنټ باندے او تمامه دنیا کښې اوچلیده۔

جناب سپیکر: جی،جی۔

وزیر تعلیم: دے سره ډیر ساکھ زمونږه د حکومت او د ملک د بچو او د تعلیم،هغه انتهائی خرب شو جی۔ دا یو ډیره د بے عزتئ خبره وه، مونږ په دے باندے فوری طور ایکشن اغستے وو، په دے کښې د سپیشل برانچ رپورټ هم راغلے وو جی، په

دے کښې بيا مونږه کميټی د پی ټی ايز هم مقرر کړے وه او د والدينو، ځکه چه بچو ته د والدينو نه زيات نيزدے څوک نه وی جی، بيا دهغے نه وروستو مو په دے کښې د اسمبلئ کميټی هم مقرر کړه، په هغے کښې باقاعده اجلاسونه اوشول ، اوسه پورے په چا باندے الزام ثابت شوے نه دے جی۔ د ده سفارشات دا وو د کميټئ، چه تاسو دا استاذان بدل کړئ۔ د اسمبلئ د کميټئ په سفارشاتو باندے هغه استاذان هم مونږ بدل کړل خو اوسه پورے په چا باندے ثبوت نه دے شوے ،که چرے فرح عاقل شاه په چا باندے ثبوت اوکړو، مونږه د دے يقين دهانی ورکوؤ چه هغوی ته به سزا ورکوؤ اوکه صرف د الزام په بنياد وی نو الزام خو په ټوله دنيا باندے لګی، دا خبره نور چيړل نه دی پکار۔

<u>جناب خليل عباس خان:</u> سپيکر صاحب! جی، زه ------------------

<u>جناب سپيکر:</u> آپ بيٹھ جائيں، خليل عباس خان۔ دے سلسله کښې زه خبره کوم۔

<u>جناب خليل عباس خان:</u> جی، د کميټئ رپورټ --------------

<u>جناب سپيکر:</u> جس طرح کہ معزز منسٹر صاحب نے فرمايا کہ بہت Propagation ہو چکی ہے، لہذا ميں حکومت کو ہدايت ديتا ہوں کہ وہ سيشن جج کے ذريعے جوڈيشل انکوائری کرائيں اس سلسلے ميں اور Within one month اپنی رپورٹ Submit کريں۔ (تالياں)

<u>جناب قلندر خان لودھی:</u> پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپيکر صاحب۔

<u>جناب سپيکر:</u> ميرے خيال ميں، ميں نے تو پہلے استدعا کی ہے، آپ پھر قلندر لودھی صاحب، آپ تمام معزز اراکين صوبائی اسمبلی سے استدعا ہے کہ کل بھی ميں نے بار بار استدعا کی تھی، چونکہ بين الاقوامی اور ملکی حالات ايسے ہيں کہ ہميں احتياط سے چلنا چاہيے، احتياط سے کام لينا چاہيے۔ ہر ايک معزز رکن، ميرے خيال ميں، ميں نام نہيں لوں گا ليکن ہر ايک معزز رکن کے ساتھ کل پينتيس افراد اس اسمبلی کی حدود ميں داخل ہوئے تھے اور سيکيورٹی عملے کو انتہائی دقت اور مشکلات کا سامنا تھا تو يہ ہم اور آپ سب پر فرض عائد ہوتا ہے کہ ہم ان کو قابو کريں اور اسمبلی سيکريٹريٹ کے عملے اور سيکورٹی کے عملے سے ميں پھر استدعا کرتا ہوں کہ آپ تعاون کريں کيونکہ سيکورٹی کا عملہ آپ سب کی حفاظت کيلئے ہوتا ہے، اگر ہم ان کی التجا کو درخور اعتنا نہيں سمجھيں گے اور اس کو نہيں مانيں گے تو ميرے خيال ميں اس سے ہمارا ہی نقصان ہو گا لہذا ميں پھر استدعا کرتا ہوں کہ خدارا جتنے بھی لوگ کام سے آتے ہيں، ہم منتخب لوگ ہيں، ہميں احساس ہے کہ عوام آپ کے پاس اپنے مسائل حل کرانے

کیلئے آتے ہیں لیکن بہتر یہ ہوگا کہ اگر آپ کا کسی متعلقہ منسٹر صاحب کے ساتھ کام ہو تو ان سے وقت لے لیا کریں ان کے دفتر میں، مطلب یہ ہے کہ آپ ان سائل کے ساتھ جا سکتے ہیں لیکن یہاں پر یہ بدمزگی مجھے امید ہے کہ انشاءاللہ آپ یہ موقع پھر فراہم نہیں کریں گے۔ میں نام نہیں لوں گا لیکن ایک ایم پی اے کی لسٹ میرے پاس آئی تھی اور وہ پینتیس بندوں کو ساتھ لائے تھے۔

آوازیں: آپ ان کا نام لیں، جی۔

جناب سپیکر: نہیں، نہیں۔ وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب مختیار علی: نوم ئے واخلہ چہ جبل سرہ راخی دا خلق۔ (قہقہے)

تحاریک استحقاق

Mr. Speaker: نہیں۔ Item No. 4, 'Privilege Motions'. Mr. Muzaar Said, MPA and Mr. Gorseran Lal, MPA, to please move their identical Privilege Motion No.82 and 83, in the House, one by one.

جناب مظفر سید: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! ایم پی اے ہاسٹل کا ٹیلیفون ایکسچینج بند کیا گیا ہے جبکہ اسمبلی ممبران کی موجودگی میں ایکسچینج بند ہے جس سے تمام ممبران کا استحقاق مجروح ہوا ہے اور تمام صوبے میں رسوائی سے دوچار ہوئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! خو ورځے وړاندے د ایم پی اے هاسټل ټیلی فون کټ شوے وو۔

جناب سپیکر: خو مرہ؟

جناب مظفر سید: دوہ میاشتے تقریباً هغه ټیلی فون ایکسچینج بند وو، د هغے Payment هم شوے وو خو سی اینډ ډبلیو او ټی اینډ ټی په خپلوکښ د خپل Mis understanding د وجے نه، د خپلے انا پرستئ د وجے نه ایکسچینج بند کړے وو او د ټولے صوبے عوامو ته د هغے نه ډیر لوئے تکلیف وو۔ دے وجے نه دا تحریک استحقاق ماراوړے دے چه ددے دواړو محکمو خلاف د تحقیق اوشی اودا استحقاق د ټولو ایم پی ایز مجروح شوے دے نو زه درخواست کوم ټولو ایم پی ایز ته چه دا تحریک د استحقاق کمیټئ ته حواله شی۔

جناب سپیکر: گورسرن لعل صاحب۔

جناب گورسرن لعل: شکریہ، سپیکر صاحب۔ایم پی ایز ہاسٹل کا ٹیلی فون ایکسچینج عرصہ دراز سے خراب ہے۔ایم پی ایز صاحبان یہاں موجود ہونے کے باوجود ٹیلی فون استعمال نہیں کر سکتے، جس سے تمام ارکان اسمبلی کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔جناب سپیکر صاحب! دو تین مہینے ہوگئے ہیں کہ یہ ٹیلی فون ایکسچینج خراب ہے۔ ہم نے سٹینڈنگ کمیٹی میں بھی اس مسئلے کو اٹھایا تھا اور وہ کہتے ہیں کہ تین دن بعد اس کو ہم بحال کر دیں گے لیکن دو مہینے گزر جانے کے باوجود بھی اس کو ٹھیک نہیں کیا گیا اور جب اسمبلی کا سیشن شروع ہوا تو ایک دن پہلے اس کو بحال کیا گیا ہے تو یہ جان بوجھ کر ایسا کیا جا رہا ہے اس لئے میری سپیکر صاحب، آپ سے گزارش ہے کہ ہمارا استحقاق مجروح ہوا ہے لہذا اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔ Thank you

جناب انور کمال: جناب سپیکر! که اجازت وی؟

جناب سپیکر: جی۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! یہ--------۔

جناب سپیکر: انور کمال خان، پہلے اٹھے تھے۔

جناب انور کمال: شکریه، جناب سپیکر۔ نن حقیقت خبره داده چه تاسو اول توکل سحر د ایم پی اے هاسټل د هغے د مراعاتو نه شروع کړو۔ مونږ حقیقت دے چه په دے باندے ډیر زیات خوشحاله وو چه نن د یو نیم کال نه پس تاسو کم ازکم دا احساس وزراء کرام ته ورکړو چه تاسو Basically اول ایم پی ایز ئے او د هغے نه پس بیا تاسو وزراء ئے (تالیاں) نو حقیقت خبره داده چه، هغه وائی چه "دیر آید درست آید" هیڅ څه فرق نه پریوځی که یو نیم کال پس دوئ ته دا پته اولګیدله چه مونږه حقیقتاً ایم پی ایز یو، خو بهر صورت دا چه کومه خبره مظفرسید خان اوکړله، دے ستاسو د توکل نه پس چه دا دومره زبردستے، ښے او خوږے خبرے مو اوکړلے، نن ما ته ښکاری دا سے چه د هاؤس دا موډ دومره ښائسته دے چه کوم یو معزز رکن د بهر نه راځی نو ډیسکونه ورته بجاویږی، زما هم زړه اوشو چه په دے دروازه اوځم، په هغه راننوځم چه څوک راته لاسونه اوپړقوی (تالیاں، قہقہے) خو بهر صورت صاحبه، مونږه دا التجا کوؤ چه بعض اوقات زمونږ د محکمو د غیر سنجیدګی نه داسے کارونه کیږی چه څنګه نن دوئ دا شکایت اوکړو زمونږه معزز اراکینو، چه یره دوئ بغیر د جواز نه (تالیاں) د ایم پی ایز هاسټل دا ایکسچینج بند کړے وو نو مهربانی اوکړئ جی، چه مونږه د دوئ ملاتړ کوؤ، دا

شئے دکمیٹئ تہ حوالہ شی چہ ددے تحقیقات اوشی، ھغے نہ پس د ھاؤس تہ رپورٹ پیش کړے شی ۔.Thank you

جناب وجیہہ الزمان خان: سپلیمینٹری کوئسچن ہے سر۔

جناب سپیکر: جی، وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ ہمارے آنریبل ممبر زنے بڑا اچھا مسئلہ آپ کے سامنے اٹھایا ہے۔ اس میں کافی عرصے سے ہمیں پرابلم ہے۔ ایک تو سر بلڈ نگ خراب ہو چکی ہے اور ان میں پائپ Leak ہو رہے ہیں اور ہر طرف سے Leakage کا پرابلم ہو رہا ہے۔ چوہوں کی بھی شکایت آگئی ہے کہ چوہے بھی اس میں ہیں اور گزارش یہ ہے کہ اس وقت اگر آپ اس پر سو روپے خرچ کریں گے تو کل کو آپ کو ہزار روپے خرچ کرنا پڑیں گے تو کیوں نہ اس پر ابھی سو روپے خرچ کرکے اس کو ٹھیک کرایا جائے۔ بلڈ نگ بہت ناگفتہ بہہ حالت میں ہے ۔ Secondly اس پر DSC کی میٹنگ ہوتی ہے ، پھر اس کی Administrative approval ہوتی ہے، پھر Work done ہوتا ہے، پھر پیسے ریلیز ہوتے ہیں۔ باقی تمام heads کے نیچے پیسے ریلیز ہو رہے ہیں لیکن ہم ایم پی ایز کی خاطر کوئی پیسے ریلیز نہیں ہو رہے ہیں۔ ٹیلی فون سسٹم ہمارا بابا آدم کے زمانے کا ہے ،اس کا جب ٹیلیفون اٹھایا جائے تو یا تو بات سمجھ میں نہیں آتی یا وہ لگتا ہے کہ جیسے Decoration کے لئے رکھا ہوا ہے تو مہربانی کرکے سر، نیا ایکسچینج اس کیلئے دیا جائے اور یہ باقی جو اس کے پیسے روکے ہوئے ہیں، وہ ریلیز کرکے اس کی حالت ٹھیک کی جائے۔.Thank you Sir

جناب سپیکر: سراج الحق صاحب۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: ما تہ یو منٹ را کړئ جی۔

جناب سپیکر: پہ دے سلسلہ کبن خبرہ کوئ؟

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: صرف یو منٹ۔

جناب سپیکر: مولانا مجاھد صاحب! پہ دے سلسلہ کبن خبرہ کوئ؟

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: او، پہ دے سلسلہ کبن خبرہ کوم۔

جناب سپیکر: نو تا سو خو ھا سټل کبن نہ ئے ؟

مولانا محمد مجاہد خان الحسین: زما په سمجھ کښې نه راځي، دا ټول حضرات وائي چه زمونږه استحقاق مجروح شو نو زه تپوس کوم چه وینه تری نه څومره تلے ده (قہقہے) که هسے زخمي شوے دے۔

جناب سپیکر: سر جی، جناب سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق سینئر وزیر (خزانہ): بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔جناب سپیکر صاحب! ښو پورے چه د مږو مسئله ده یعنی چوہوں کا، جناب وجیہ الزمان صاحب نے یہ نہیں بتایا کہ یہ ہمارے زمانے کے چوہے ہیں یا پرانے چوہے ہیں؟ (قہقہے، تالیاں)

جناب وجیہہ الزمان خان: موٹے موٹے چوہے ہیں۔

سینئر وزیر (خزانہ): اگر یہ واقعی موٹے چوہے ہیں تو یہ پرانے ہیں، اگر چھوٹے ہیں تو بہر حال اس کا سد باب کیا جا سکتا ہے۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! یہ نئے ہیں، پرانے تو مر چکے ہیں۔ اتنی لمبی عمر ہوتی نہیں ہے چوہوں کی۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: Excuse me ،Sir یہ سیاسی چوہے ہیں اور ہر وقت ہر دور کے ساتھ یہ چوہے چھپتے بھی ہیں اور پھر نمودار بھی ہوتے ہیں۔

سنئیر وزیر (خزانہ): بہر حال اب تو ایم پی ایز آئے ہیں جی، میری درخواست ہے اور ہمارا یہ یقین ہے کہ جہاں ایم پی ایز آئے ہوں تو وہاں سے چوہوں کو چلے جانا چاہیے۔ وہاں چوہوں کو نہیں رہنا چاہیے جی۔ اگر وجیہہ الزمان صاحب بھی ہیں اور چوہے بھی ہیں، تو یہ عجیب بات ہے بہر حال میں نے جس طرح عرض کیا صبح میں نے ڈیپارٹمنٹ والوں کو بلایا ہے اور ان کو ہدف دیا ہے، ٹارگٹ دیا ہے کہ ایکسچینج بھی ٹھیک کریں، ٹیلی فون بھی ٹھیک کریں اور اگر ایم پی ایز ہاسٹل میں کوئی بڑا منصوبہ یا بڑا کام ہے تو اس کو بھی ایک پراجیکٹ کی صورت میں پیش کریں تاکہ ہم اس پر عمل کر سکیں۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں وزیر اعلیٰ صاحب اگر ارشاد فرمائیں کیونکہ انہوں نے مہربانی کی ہے ایک نئے بلاک کی منظوری دی ہے تو وہ کب اس کا افتتاح کریں گے؟ ہم استدعا کریں گے کہ کب۔ (قہقہہ)

جناب پیر محمد خان: سپیکر صاحب! یو منټ، یوه خبره د دوئ نوټس کښې راولمه۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب پیر محمد خان: دے نه مخکښ خو دا خبرے اوشوے چه هغه ایکسچینج کھلاؤ شوے دے خو په هغه ایکسچینج کښ نمبرے شو دی؟ نو چه یو ممبر یو ځائے ملاؤ کړی نو نورو ممبرانو ته بیا لائن نه ملاویږی نو مطلب دادے چه ایکسچینج نه دے خو هسے یو بورډ دے، یو دوه نمبرے دی پکښ۔ د هغے پوره انتظام کول غواړی چه ټول ممبران برابر د غه کولے شی۔

جناب سپیکر: جناب وزیر اعلیٰ صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (وزیر اعلیٰ): بسم الله الرحمن الرحیم ۔محترم سپیکر صاحب! حقیقت دادے چه دا ډیر د معززو خلقو ځائے دے او دے ځائے ته چه څوک هم راځی، هغه د خپلے ضلعے او د عوامو هغه Creamوی او د هغے انتخاب وی۔ نو دے ځائے ته مونږ که څومره هم د قدر د عزت په نظر اوګورو، هغه به ډیر کم وی او زه په دے فلور باندے دا هدایات نن جاری کوم چه په دے میاشت کښ دننه بنه نوے ټهیک ټهاک ایکسچینج به هم وی او که چرته په دے کښ د Repairضرورت وی، د میاشتے دننه Works departmentته زه هدایات جاری کوم چه بیا د ایم پی ایز دلته هیڅ قسم شکایات هم نه وی او ورسره چه کوم زما یو بهترین غوندے انشاء الله هغه نقشه هم ده چه په هغے کښ دوه کمرے، کیچن او ورسره ما چه کومه افتتاح کړے وه، د هغے هم زه انشاء الله هدایات جاری کوم چه په دے میاشت دننه به په هغے باندے هم کار شروع کیږی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: Thank you۔ میرے خیال میں اس یقین دہانی کے بعد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: جناب سپیکر، مسٹر سپیکر سر! گنجائش کوئی نہیں ہے، اس یقین دہانی کے بعد لیکن گزارش ایک چیف منسٹر صاحب سے یہ ہے کہ ہم خواتین کے بلاک میں عجیب بات دیکھیں، مردوں کے بلاک میں کیچن ہے، ہمارے پاس کچن نہیں ہیں ہے۔(تالیاں) ہم بغیر کچن کے مارے مارے پھرتی ہیں اور جو تھکا ہوا

کک ہے وہ آپ ہمیں دے دیتے ہیں۔ یقین کریں کہ ہم، یہ ایم ایم اے کی خواتین بیٹھی ہوئی ہیں، ہم اپنی چٹنیاں اور کیا کیا بنا کر کھاتے ہیں، ہم اپنا کھانا بھی پورا نہیں بنا سکتیں، صرف چٹنیاں بنا بنا کر۔۔۔۔

جناب تاج الامین: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی، ٹھیک ہے، یہ بھی ہو جائے گا۔

جناب تاج الامین: سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی، مظفر سید صاحب۔

جناب تاج الامین: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی مولانا جبل صاحب، مولانا جبل صاحب۔ (تالیاں)

جناب تاج الامین: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ یہاں جو خواتین آئی ہیں۔

جناب سپیکر: هسے د نورے کمرے ذکر پکښ اونه کړے ؟

جناب تاج الامین: یہاں جو خواتین آئی ہیں، یہ وہ خواتین نہیں ہیں جن کو کیچن کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہاں ہم سب برابر ہیں، مساوی ہیں۔ (قہقہے۔ شور)

(اس مرحلے پر حزب اختلاف سے تعلق رکھنے والی خواتین ارکان نے واک آؤٹ کیا)

جناب مظفر سید: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔۔۔۔ (شور)

جناب سپیکر: جی مظفر سید صاحب، میرے خیال میں۔۔۔۔۔ (شور)

محترمہ رخسانہ بی بی: جناب سپیکر صاحب!

Mr. Speaker: Order please, order please.

محترمہ رخسانہ بی بی: جناب سپیکر صاحب! اس کی تلافی آپ اس طرح کریں کہ ڈی بلاک میں کچن موجود ہے، اس پر Males نے قبضہ کیا ہوا ہے تو وہ خواتین ایم پی ایز کو دے دیں، ڈی بلاک اور Males کو دوسرے بلاک میں شفٹ کر دیں۔

جناب سپیکر: وہ بات تو ہو گئی ہے لیکن جبل صاحب نے جو بات کی ہے، وہ اس پر احتجاج کر رہی ہیں، یہ Settle ہو گئی ہے، جی مظفر سید صاحب۔

جناب مظفر سید: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ مونږ د محترم سی ایم صاحب شکریه ادا کوؤ، هغوی خوپل یقین دهانی او آرډرزئے جاری کړل، مونږ د هغے قدر

کوۀ چه هغوی، خو زما تحریک استحقاق چه د چا په باره کښې دے نو هغه خو د دے سی ایم صاحب د Directivesنه وړاندے، زه خبره کومه چه هغه استحقاق چه کوم د ایم پی ایز مجروح شوے دے نو ما د هغے په باره کښې استحقاق پیش کړے دے، هغه د منظور شی، هغه د کمیټئ ته لاړ شی۔ بهر حال دا زما توقع ده چه سی ایم صاحب Directives جاری کړل، انشاء الله دغه کار به کیږی خو د ورکس اینډ سروسز او د سی اینډ ډبلیو، د ټی اینډ ټی خلاف زما تحریک استحقاق دے، زه بیا هم درخواست کومه چه دا د استحقاق کمیټئی ته لاړ شی او د هغوی نه پوچھ گچھ اوشی۔

جناب قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! مولانا جبل صاحب نے جو بات کی ہے تو وہ کسی Bad sense میں نہیں کی، انہوں نے اس Sense میں کی ہے کہ ہماری بہنیں ہمیشہ کہتی ہیں، ہر بات میں وہ کہتی ہیں کہ ہم مساوی ہیں آپ کے ساتھ، ہم اس سیٹ پر آئی ہیں تو ہمارے وہی حقوق ہیں جو آپ کے ہیں۔ انہوں نے کوئی برے Sense میں نہیں کہا (تالیاں) بار بار جب بھی کوئی بات ہوتی ہے تو وہ ہمیں یہی کہتی ہیں، یہ باور کراتی ہیں کہ بھئی آپ بھی اسمبلی کے ممبرز ہیں اور ہم بھی اسمبلی کے ممبرز ہیں تو اس لئے یہ کوئی بات نہیں ہے۔ پچن بھی اس میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ Clarification ہو گئی ہے، مطلب یہ ہے کہ انہوں نے اچھی نیت سے بات کی ہے، بری نیت سے نہیں کی۔

جناب جمشید خان: جناب! یو منټ جی۔

جناب سپیکر: د پریویلج موشن په باره کښې فیصله اوکړو نو۔۔۔

جناب جمشید خان: او جی، د دے په باره کښې جی، دا پریویلج موشن خو دوئ جی د سی اینډ ډبلیو او د ټیلی فون محکمے خلاف پیش کړے دے نو هغه خو زړه خبره ده جی، اوس نوے خو پکښې څه کار کیږی هغه خو به نوے وی بیا، خو دا زړه والا Admit کړئ تا سو چه په دے باندے نو خبره په خلاصه شی۔

جناب سپیکر: جی، سراج الحق صاحب۔

جناب مظفر سید: جناب سپیکر صاحب! زما درخواست دے او ټول هاؤس هم بالکل په دے درخواست کوی چه دا تاسو استحقاق کمیټئی ته اولیږئ، هغه زړه خبره به هلته کلیئر کړو او د سی ایم صاحب پهDirectives باندے زمونږ یقین دے۔ کہ دا چرته د بل، د ادریس صاحب وینا وے نو ما به بیا وئیلی وے چہ:

ستا په وعده مے اعتبار نیشه خکه هیڅ خوند د انتظار نیشته

که دا د سی ایم صاحب وینا ده نو زما یقین دے چه دا به کیږی انشاء الله العزیز دا به پورا کیږی خو ما چه کومه خبره کړے ده، هغه د ایم پی ایز استحقاق مجروح شوے دے نو هغه سلسله کښ د دا تحریک استحقاق کمیټئی ته لاړ شی، هلته د هغوی خپل Clearance اوکړی اوکه واقعی هغوی کمیټئی مطمئن کړل نو ټهیک ده بیا وربانده څه نیشته خو دا د کمیټئی ته لاړ شی۔

جناب سپیکر: جی، سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق سینئر وزیر (خزانہ): جناب سپیکر صاحب! بنیادی بات تو یہ ہے کہ صبح سے آپ نے جس مسئلے کی طرف توجہ دلائی ہے، اس پر انور کمال نے بھی بڑی خوشی کا اظہار کیا ہے اور سارے لوگ اس پہ خوش ہو گئے ہیں۔ اگر آپ کی اس طرح توجہ ہو تو امید ہے، یہ سارے مسائل حل ہو جائیں گے۔ خوش قسمتی کی بات یہ ہے کہ وزیر اعلیٰ صاحب بھی تشریف لائے ہیں اور Particular اس مسئلے پر انہوں نے باقاعدہ اعلان کیا ہے کہ چند دنوں میں ایک نیا ایکسچینج لگ جائے گا۔ اگر مسئلہ ایکسچینج کا ہے تو انہوں نے اعلان کر دیا ہے اور میں معزز رکن اسمبلی سے درخواست کروں گا کہ اسی پر اکتفا کر لیں اور انشاءاللہ اگر یہ کام ہو جائے تو یہ ہم سب کی کامیابی ہے انشاءاللہ۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر، آنر ایبل منسٹر نے ایکسچینج کی بات کی، اس کے ساتھ کچھ اور بات بھی میں نے کی تھی اپنی بلڈنگ کی Repair کے حوالے سے۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ ساری ہو گئی ہے، وہ ہو گئی ہے، سب ہو گئے ہیں۔

جناب وجیہہ الزمان خان: تھینک یو۔

جناب انور کمال: جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ، ہماری خواتین جو واک آؤٹ کر گئیں ہیں، اگر آپ مہربانی فرمائیں اور ہماری۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں لوگ گئے ہیں۔

جناب انور کمال: اچھا، گئے ہیں۔

جناب قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! چونکہ اب چیف منسٹر صاحب کے Directives ہو گئے ہیں۔ ہمیں یقین ہے لیکن میرے خیال میں سوا سال یا ڈیڑھ سال کا عرصہ ہو گیا ہے، میں نے ڈپٹی سپیکر صاحب سے بھی کئی دفعہ کہلوایا ہے، میرے کمرے میں چیزیں رکھنے کیلئے میرے پاس الماری وغیرہ نہیں ہے اور وہ ابھی تک نہیں ہے اور نہ وہ مجھے کسی نے بنا کر دی ہے اور یہ میں اس لئے نہیں کہنا چاہتا کہ چھوٹی بات ہے، میں نے کہا چلیں ہم اپنے کپڑے جیسے بھی ہوں Fold کر کے رکھ لیں گے لیکن بات یہ ہے کہ اب وہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں، جو بھی بات کہتے ہیں، ان سے اگر کوئی بالٹی کی بھی ڈیمانڈ کرے تو وہ کہتے ہیں کہ جی ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں حالانکہ ڈپٹی سپیکر صاحب نے بھی بڑی مہربانی کی، دو چار دفعہ بلا کر کہا لیکن جو کام انہوں نے کہا ابھی تک میرا کوئی کام نہیں ہوا جی، تو اس لئے ان کیلئے پیسوں کا بندوبست کیا جائے۔

جناب سپیکر: گورسرن لعل صاحب۔

جناب گورسرن لعل: یہ اگر کمیٹی کے حوالے ہو جائے تو جو باقی مسئلے ہیں، ویٹرز بھی نہیں آتے، چادریں بھی Change کرنے کے۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، پریویلج موشن کے بارے میں چیف منسٹر صاحب نے اور سراج الحق نے جو یقین دہانی کرائی ہے تو اس کے بعد آپ اور کیا چاہتے ہیں؟

جناب گورسرن لعل: وہ تو ٹھیک ہے لیکن پہلے اسمبلی کا جو استحقاق مجروح ہوا ہے، اس کے بارے میں ان سے پوچھ گچھ کی جائے۔ یہ تو ابھی Directive issue ہوا ہے تو پہلے ان کے ساتھ بات چیت کی جائے تو اچھا ہو گا اور اس میں جنہوں نے غفلت کی ہے ان کو ضرور سزا ملنی چاہیے تو ہم آپ سے استدعا کرتے ہیں کہ اس کو کمیٹی کے ضرور حوالے کیا جائے۔

جناب مظفر سید: جناب سپیکر صاحب! د سی ایم صاحب او د سراج الحق صاحب او د نورو ملگرو په ریکویسټ باندے مونږه به خپل تحریک واپس واخلو خو

د دے شرط سره چه هغوی د خپل کار سبا نه شروع کړی او په خپله باندے د Expedite کړی۔

سینئر وزیر (خزانہ): جناب سپیکر صاحب! امید دے، د دے سیشن نه پس وزیراعلیٰ صاحب به اول دا کار اوکړی چه هلته به دوره اوکړی، Visit به اوکړی او د ایم پی اے هاسټل دوره به اوکړی۔

Mr. Speaker: Not pressed.

جناب گورسرن لعل: ٹھیک ہے جی، ہم اپنی تحریک استحقاق واپس لیتے ہیں۔۔۔۔(قہقہہ)

محترمہ نعیم اختر: سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر سر! وزیراعلیٰ صاحب چونکہ بیٹھے ہوئے ہیں تو میں ایک مسئلہ اور بھی ان کے سامنے لانا چاہوں گی۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں قواعد اور ضوابط کی پابندی کرنی چاہیے، وزیراعلیٰ صاحب ہوں گے یا نہیں ہوں گے لیکن ہمیں قواعد و ضوابط۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

محترمہ نعیم اختر: یہ بہت ضروری مسئلہ ہے، سر۔

جناب سپیکر:۔ نہیں، مطلب قواعد و ضوابط، وزیراعلیٰ صاحب ہوں یا نہ ہوں The Cabinet is collectively responsible، اس معزز ایوان کے سامنے اگر آپ اسی طرح۔۔۔۔

(قطع کلامی)

محترمہ نعیم اختر: سر! ضلع مانسہرہ میں جو زلزلہ آیا ہے اس سلسلے میں میں کچھ بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: اس پہ تحاریک التواء آئیں گی، اپنے وقت پہ۔۔۔۔۔

محترمہ نعیم اختر: سر! بہت دیر ہو جائے گی جو لوگ اس سے متاثر ہوئے ہیں۔۔۔۔

جناب مختیار علی: سپیکر صاحب! خیر دے گنی اجازت ورته ورکړئ ځکه چه زمونږ وزیراعلیٰ صاحب موجود دے او تاسو چه څنګه دا وایئ چه منسټران موجود وی، اکثر دغسے یعنی زه دا وایم چه یو نیم کال مخکښ ددغه هاسټل خبره شوے وه خو نن د وزیراعلیٰ صاحب په Directives باندے دا خبره ختمه شوله۔

Mr. Speaker: Item No.5. Adjournment Motions.

جناب انور کمال: جناب سپیکر! لگ ایسا رہا ہے کہ ہماری ٹیم ناکام ہو کر واپس لوٹی ہے تو براہ مہربانی دوسری ٹیم کو آپ وہاں پر بھیجیں تاکہ وہ خواتین کو واپس راضی کر کے لے آئیں (قہقہہ)

(اس مرحلے پر چند وزراء اور ممبران صاحبان خواتین کو واپس ایوان میں لانے کیلئے چلے گئے)

تحاریک التواء

Mr. Speaker: Item No.5. Adjournment Motions, Shahzada Muhammad Guistasip Khan, MPA and Mr. Atiq ur Rehman, MPA, to please move their identical Adjournment Motions No. 278 and 288 in the House , one by one. Shahzada Muhammad Gustasip Khan. (Absent). Mr. Atiq ur Rehman, MPA, please.

جناب عتیق الرحمن: اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ جناب سپیکر، جناب سپیکر!

(اس مرحلے پر خواتین اراکین واک آؤٹ ختم کر کے واپس ایوان میں آ گئیں)

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی۔

جناب عتیق الرحمن : شکریہ، جناب سپیکر۔ معمول کی کارروائی روک کر اس اہم مسئلے کو زیر بحث لایا جائے کہ بعض لوگوں نے بٹگرام ضلع مانسہرہ میں جامع مسجد اہلحدیث کو نقصان پہنچایا ہے اور تشدد کیا ہے، جس کی وجہ سے تمام مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں، لہٰذا اس پر بحث کی اجازت دی جائے۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر ذاکر شاہ صاحب۔

ڈاکٹر محمد ذاکر شاہ: جناب سپیکر صاحب۔ ایوان کی کارروائی روک کر ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے پر بحث کی اجازت دی جائے کہ گذشتہ دنوں بٹگرام میں چند شر پسند عناصر نے اہلحدیث 0 کی مسجد کو آگ لگا کر شہید کر دیا، جس میں قرآن پاک بھی شہید کر دیئے گئے جس کی وجہ سے ضلع بٹگرام کے عوام عموماً اور اہلحدیث کے علماء اور لوگوں میں شدید غصہ اور پریشانی پائی جاتی ہے اور صوبہ سرحد میں فرقہ واریت کو ہوا دی جا رہی ہے، جس سے امن و امان کا مسئلہ پیدا ہو گیا ہے۔

الحاج محمد ایاز خان: جناب سپیکر! اس واقعے کا تعلق میرے حلقے سے ہے، اس میں مجھے موقع دیا جائے کہ میں کچھ عرض کروں، اگر اجازت ہو۔

جناب سپیکر: جی۔جی، ایاز خان۔

الحاج محمد ایاز خان: بہت مہربانی، جناب سپیکر صاحب۔اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ صاحب نے پہلے سے ایک کمیٹی قائم کی ہے جس میں جناب ذاکر شاہ صاحب، ایم پی اے اور ان کی پارٹی کے صوبائی صدر اور جنرل سیکرٹری اس کمیٹی میں ممبرز ہیں اور اس کمیٹی نے کافی حد تک کام کیا ہے تو یہ ہمارے ایم ایم اے کے اندر کا معاملہ ہے، گھر کا معاملہ ہے۔اگر کمیٹی سے وہ حل نہ ہوا تو کسی وقت یہ دوبارہ لا سکتے ہیں لیکن اس کمیٹی کو کام کرنے کا موقع دیا جائے۔

جناب عتیق الرحمن: جناب سپیکر صاحب! ہم نے بحیثیت مسلمان اس مسئلے کو اٹھایا ہے۔

الحاج محمد ایاز خان: ہم سب مسلمان ہیں الحمد للہ، مسجد کے متعلق تو کوئی مسلمان بھی نہیں سوچ سکتا کہ مسجد کو کوئی آگ لگے۔

جناب نثار صفدر: یہ جو مسئلہ ہے یہ امت مسلمہ، مسلمانوں کا مسئلہ ہے، اہلحدیث ہوں یا کوئی بھی ہوں۔

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، وہ Mover ہیں، میں ان کو موقع دیتا ہوں۔جی، عتیق صاحب۔

جناب عتیق الرحمن: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، ایم ایم اے یو سیاسی او یو مذهبی جماعت دے او دا د دوئ اندرونی معامله نه ده، دا د ټولے صوبے مسئله ده او دا د ډیر اهم نوعیت مسئله ده، څنګه چه د ایم ایم اے ګورنمنټ چه کوم مذهبی هم دے او سیاسی هم دے او دا یوه دغه شانتے واقعه ده چه دا د ایم ایم اے سره تعلق نه لری دا د ټولو مسلمانانو سره تعلق لری۔ دا په صوبه کښې یو جماعت شهید کیږی او شر پسند خلق راوځی، زمونږ د مسلمانانو خو اول نه روایات دی چه مونږه ------

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: عتیق صاحب! بس اوشوه، ایډجرنمنټ موشن د پیش کړلو، بس اوشو۔

جناب شاه حسین: زه پکښې یو دوه خبرے کومه جی، ما ته لږ ټائم راکړئ۔ صرف دوه خبرے کومه جی، ما له صرف دوه منټه راکړئ، جی۔

جناب سپیکر :جی، شاہ حسین صاحب۔

جناب شاہ حسین: خبره دا ده جی، چه په بټګرام کښی جماعت د سره سوے نه دے۔ اوله خبره خو دا ده، څکه دوئ چه کوم جماعت یادوی هغه اوس د ډی پی سی په مرحله کښی دے چه د ډی پی سی په مرحله کښی دے نو د هغے څه شئے، اوسیزو ورله؟ دا یو رہائشی کمره کوم کښی چه به مستریان پاتے کیدل، لیبر پکښی پاتے کیدل، په هغے کښی ټیلیویژن پروت وو، په هغے کښی کټونه پراته وو، په هغے کښی کرسئ پرتے وے۔ بهر ورسره بیزه تړے وه۔ جماعت یو واضح قطع وی جناب سپیکر، هلته کښی محراب وی، جماعت کښی پینځه وخته بانګ وئیلے کیږی، پینځه وخته مونځونه کیږی، په جماعت کښی خلق راځی، هلته کښی د وضو خانے وی جناب سپیکر، دا رہائشی کمره وه په کوم کښی چه به مستریان او لیبر پاتے کیدل۔ جماعت د بټګرام سوے نه دے جی، هغه خو د ډی پی سی په مرحله کښی، لا اوس جوړیږی نو اوسوزیدو څه شئے ؟

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! میں دو منٹ آپ کے لوں گا۔

جناب سپیکر: جب وہ Already فلور پہ ہیں تو کس طرح مشتاق غنی صاحب۔۔۔

الحاج محمد ایاز خان: جناب سپیکر صاحب! دا کورټ کښی هم کیس پینډنګ دے، د کورټ Decision نه دے راغلے، هغے نه مخکښی بحث چه دے نو ماته هغه فضول ښکاری، کورټ کښی Already کیس پروت دے۔

ڈاکٹر محمد ذاکر شاہ: سپیکر صاحب! د یوے خبرے وضاحت کول غواړم، جی۔

جناب سپیکر: جی، ذاکر شاہ صاحب۔

ڈاکٹر محمد ذاکر شاہ: زمونږ چیف منسټر صاحب یو کمیټی جوړه کړے وه او زه، چه کله دا واقعه اوشوه نو مونږه هلته بټګرام ته تلی وو، زه پخپله تلے وومه، زه پخپله لاړم، هغه ځائے مے اوکتلو، باقاعده محراب پکښی جوړ دے جی، د اودسونو ځائے پکښی وو باقاعده، چونکه دا دلته زوړ جماعت وو، یو نیم کال نه باقاعده جمعے سره مونځ کیږی او کیدلو، دا نوے جماعت چه کوم دے Under construction دے، دوئ زوړ جماعت وران کړے دے او کمره ئے سوزولے ده۔ دا دوئ ورته کمره وائی خو دا کمره نه وه بلکه ورکوټے ځائے

وو، هغے نه دوئ جماعت جوړو، عارضی طور باندے۔ باقاعده هغے کښې د یو نیم کال نه د جمعے سره مونځ کیدلو او دا نوے جماعت چه کوم وو، هغه Under construction وو۔ زه د شاه حسین صاحب د یو خبرے دغه کوم چه هغه باقاعده جماعت دے، ما پخپله کتلے دے او هغے کښې باقاعده محراب جوړ وو، ما سره شمسی صاحب او قاری فیاض صاحب تلی وو او په دے سلسله کښې مونږه هلته تلی وو جی۔

جناب شاہ حسین: جناب سپیکر صاحب! د پیښور باره کښې چه څه خبره وی نو ډاکټر ذاکر صاحب به پرے بنه پوهیږی، دا زما ګاونډ کښې دے، زه پرے بنه پوهیږم ------(شور)

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر صاحب! یہ مسجد تھی اور یہ واقعی مسجد ہے۔ اخبارات میں یہ چیز آچکی ہے کہ مسجد پہ حملہ کیا گیا تھا۔ ہم صرف یہ کہتے ہیں کہ یہ جو واقعہ ہوا ہے اس کے مرتکب افراد کو عبرت ناک سزا دی جائے تاکہ مسجد، امام بارگاہ، گرجا کوئی بھی عبادت گاہ ہو، اس کا تحفظ حکومت کا فرض ہے۔

جناب سپیکر: حکومت کا موقف، پہلے--- (قطع کلامی)

جناب مشتاق احمد غنی: اور یہ جو مسجد ہے، یہ خانہ خدا اور ایم ایم اے کے دور میں مسجد کے اوپر حملہ ہونا، واقعی ہم سب کیلئے پریشانی کی بات ہے (تالیاں) اس پر ضرور بات ہونی چاہیے۔

سید مرید کاظم شاہ: جناب سپیکر صاحب! ایک منٹ۔

جناب سپیکر: مرید کاظم صاحب! یہ ابھی ایڈمٹ نہیں ہوا ہے۔

سید مرید کاظم شاہ: تمام نے کیا ہے، جی۔

جناب سپیکر: مرید کاظم صاحب! ایڈمٹ نہیں ہوا ہے پلیز آپ رول 73 کو دیکھیں۔

سید مرید کاظم شاہ: نہیں سر، یہ اتنا بھیانک معاملہ ہے جی، دیکھیں جی، یہ اس ہاؤس میں ایک غلط طریقے سے پیش کیا جا رہا ہے۔ ایک مذہبی حکومت، ایک مسجد جو کہ شعائر اللہ ہے اور جس میں سولہ قرآن شہید ہو گئے ہوں اور اس معاملے کو آگے اتنا Light لیا جائے تو میں یہ نہیں سمجھتا کہ یہ کیسی اسلامی حکومت ہے جس میں اللہ کے شعائر اللہ کی کوئی وقعت نہیں ہے۔

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں۔ جی، حافظ اختر علی صاحب۔

حافظ اختر علی (وزیر مذھبی امور): بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔جناب سپیکرصاحب! دا کومه معامله چه دلته زیر بحث ده، یقیناً مونږه ټول مسلمانان یو او د اللّٰه تعالیٰ په کتاب باندے زمونږ عقیده او ایمان دے او په هغے کښې دا واضح ده چه" و من یو عظم شعائر اللہ فانها من تقویٰ القلوب" چه د اللّٰه تعالیٰ د دین چه څومره علامے دی، نخے دی، جماعت هم چه هغے کښې شامل دے نو د هغے سره محبت کول، دا د ایمان نخه ده۔ هیڅ یو مسلمان، که هغه ادنیٰ مسلمان وی، هغه چرته دا تصور هم نه شی کولے چه هغه د اللّٰه تعالیٰ کور ته اوور واچوی۔ کومه معامله چه مخے ته راغلے ده په هغے حواله سره د چیف منسټر صاحب په Directives باندے او د هغوی په هدایاتو باندے کمیټی تشکیل شوے ده چه په هغے کښې زمونږ محترم ورور ذاکر شاه صاحب او نور ایم این ایز دی، ایم پی ایز دی او د داوړو طرفونو علماء هم په هغے کښې شامل دی او کیس د هغوی هغه په کورټ کښې هم دے۔ که چرے دا ثبوت ته راشی او دا پته اولګی چه یره کوم یو سړی خدانخواسته،حاکم بہ دهن،هغه جماعت ته اوور اچولے وی، د هغه خلاف به مکمل ایکشن اغستلے کیږی لیکن اوسه پورے مونږه ته دا واضحه نه ده او نه دا ثبوت ته رسیدلے ده، البته مهم روان دے، انکوائری شروع ده او هغے ته به مونږه انتظار کوؤ او د کورټ فیصلے ته به هم انتظار کوؤ۔

جناب سپیکر: مسئله کورټ کښې ده۔

جناب عتیق الرحمن: جناب سپیکر صاحب! شاه حسین خود دے نه هم منکر شو چه هلته څه۔۔۔

جناب سپیکر: عتیق الرحمن صاحب! زما په خپل خیال۔۔۔۔

جناب عتیق الرحمن: خوک وائی چه دا جماعت نه وو او دوئ وائی چه دا جماعت وو نو زه په دے نه پوهیږم چه دا څه وو؟ ذاکر شاه صاحب وائی چه دا جماعت دے۔

جناب سپیکر: ذاکر شاہ صاحب! منسٹر صاحب وائی چه دے کښې ایف آئی آر هم شوے دے ، انکوائری هم راونه ده، مطلب دا دے چه مسئله عدالت کښې ده، لهذا دلته۔۔۔۔ (قطع کلامی)

جناب عتیق الرحمن: مونږه ته د دا واضحه کړی چه هغه وائی، دا جماعت دے، دوئ وائی چه جماعت دے ، شوک شه وائی، شوک شه وائی۔

ڈاکٹر محمد ذاکر شاہ: جناب سپیکر صاحب! زما خیال دے جی، د چیف منسٹر صاحب او د منسٹر صاحب د یقین دهانے نه پس زه دا خپل تحریک Withdraw کومه خو بهر حال دوئ دا تسلی به ما ته راکوی په فلور باندے چه انشاء الله العزیز دا جماعت به هلته جوړیږی او مونږ به ئے په خپل Base باندے جوړوو او چه کوم ځائے کښې ملوث خلق دی چه کم از کم د هغوی خلاف د مکمل کارروائی اوشی څنګه چه کیږی لګیا ده۔

جناب سپیکر: حافظ اختر علی صاحب۔

الحاج محمد ایاز خان: چه انکوائری ختم شی جی، انکوائری څه فیصله اوکړه، بیا هغے باندے به چه څه وی، هغه به مونږه ته منظور وی۔

